NDSS امدادی فون لائن 1800 637 700
ndss.com.au

ndss
National Diabetes Services Scheme
An Australian Government Initiative

نیشنل ڈائبیٹیز سروسز سکیم (NDSS) (National Diabetes Services Scheme) میں خوش آمدید۔

اب جبکہ آپ ہمارے ساتھ رجسٹر ہو چکی ہیں، آپ کئی قسموں کی NDSS خدمات حاصل کر سکتی ہیں جیسے آپ کو دوران حمل ذیابیطس کو سنبھالنے میں مدد کے لیے رعایتی قیمتوں پر ذیابیطس کی آگہی کے پروگرام، وسائل اور مصنوعات مل سکتی ہیں۔

اس خط کے ساتھ آپ کا NDSS رجسٹریشن کارڈ بھیجا جا رہا ہے جو 12 مہینوں کے لیے کارآمد ہے۔

- NDSS کے ذریعے رعایتی قیمتوں پر ذیابیطس کی مصنوعات حاصل کرنے کے لیے یہ کارڈ اپنے ساتھ کسی NDSS ایکسس پوائنٹ (NDSS Access Point) پر لے جائیں۔ بالعموم یہ ایکسس پوائنٹ آپ کی مقامی فارمیسی ہوتی ہے۔
- اپنے علاقے میں کمیونٹی فارمیسی تلاش کرنے کے لیے **healthdirect.gov.au/search-results/pharmacy** پر جائیں یا آپ **1800 637 700** پر NDSS امدادی فون لائن (Helpline) کو کال کر سکتی ہیں۔اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو **131 450** پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس (Translating and Interpreting Service) (TIS) کو فون کریں اور اپنی زبان بتائیں۔ انٹرپریٹر سے رابطہ ہو جانے کا انتظار کریں اور پھر **1800 637 700** پر بات کروانے کے لیے کہیں۔
- براہ مہربانی اپنے کارڈ کی پشت پر دستخط کریں۔ اگر آپ کی عمر 15 سال سے کم ہے یا آپ مسلسل دیکھ بھال وصول کرنے والی بالغ ہیں تو آپ کے والد/والدہ یا آپ کو سنبھالنے والے شخص کو کارڈ پر دستخط کرنے چاہیئں۔
- ہر دفعہ مصنوعات آرڈر کرتے ہوئے یا NDSS کے ذریعے خدمات حاصل کرتے ہوئے آپ کو اپنے کارڈ کی ضرورت ہو گی۔

اس خط کے ساتھ آپ کو اس عنوان کے ساتھ ایک کتابچہ ملا ہے:
GeStational Diabetes: Caring for yourself and your baby (دوران حمل ذیابیطس: اپنا اور اپنے بچے کا خیال رکھنا) جو آپ کو اپنے حمل کے دوران ذیابیطس کو سنبھالنے کے لیے معلومات دیتا ہے۔

آپ کو دوران حمل ذیابیطس کے قومی رجسٹر (National GeStational Diabetes RegiSter) میں بھی رجسٹر کیا گیا ہے۔ براہ مہربانی مزید معلومات کے لیے اس خط کے ساتھ بھیجا گیا فلائر دیکھیں۔

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتی ہیں تو براہ مہربانی **1800 637 700** پر NDSS امدادی فون لائن (Helpline) کو فون کریں یا ہماری ویب سائیٹ **ndss.com.au** دیکھیں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ،

Jan Ridd
جنرل مینیجر، NDSS
ڈائبیٹیز آسٹریلیا (Diabetes AuStralia)

diabetes australia
The NDSS is administered by Diabetes Australia

مزید معلومات یہاں دیکھیں
ndss.com.au/gestational-diabetes

nDSS
National Diabetes Services Scheme
An Australian Government Initiative

NATIONAL **GESTATIONAL DIABETES** REGISTER

Urdu | اردو

National Gestational Diabetes Register میں خوش آمدید

National Gestational Diabetes Register نیشنل ڈائبیٹیزسروسز سکیم (NDSS) اس رجسٹرکا مقصد دوران حمل ذیابیطس رکھنے والی خواتین کو حمل کے دوران اور بعد میں اپنی صحت کا خیال رکھنے کے لیے مدد دینا ہے۔

جب آپ نے NDSS کے ساتھ رجسٹر کیا تھا تو آپ National Gestational Diabetes Register میں بھی شامل ہو گئی تھیں۔ یہ رجسٹر باقاعدگی سے صحت کے معائنوں کے لیے یاد دہانیاں بھیج سکتا ہے اور آپ کو مستقبل میں اپنی صحت کا خیال رکھنے کے لیے مدد دے سکتا ہے۔

NDSS ہیلپ لائن 1800 637 700
ndss.com.au

diabetes australia
The NDSS is administered by Diabetes Australia

رجسٹر کے متعلق معلومات

رجسٹر یہ فراہم کرتا ہے:

- ابھی اور حمل کے بعد، صحتمندانہ طرز زندگی کے لیے سہارا
- جس حمل میں آپ کو ذیابیطس رہی ہو، اس کے بعد باقاعدگی سے صحت کے معائنوں کے لیے یاد دہانیاں - یہ یاد دہانیاں آپ اور آپ کے جنرل پریکٹیشنر (جی پی) دونوں کو بھیجی جاتی ہیں۔
- تادیر آپ کی صحت میں مدد دینے کی خاطر مزید معلومات اور خدمات کے لنکس

آپ کی تفصیلات میں تبدیلی

- ہم حمل کے بعد آپ کو معلومات بھیجنا جاری رکھیں گے۔
- اس مقصد کے لیے ہمیں آپ کے حالیہ ڈاک کے پتے، ای میل، موبائل نمبر اور آپ کے جی پی کی رابطہ تفصیلات کی ضرورت ہے۔
- آپ **ndss.com.au/gdm-update** پر جا کر یا **1800 637 700** پر NDSS ہیلپ لائن کو کال کر کے اپنی تفصیلات بدل سکتی ہیں یا اس سروس سے الگ ہو سکتی ہیں۔

آپ کو ہماری ویب سائیٹ پر یہ معلومات دوسری زبانوں میں مل جائیں گی۔

ndss.com.au/gestational-welcome

Version 3, December 2022.
First published October 2019.
NDSSPTC002U